# انویسٹ کیپیٹل انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ

## اطلاع برائے 32واں سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ **انویسٹ کیپیٹل انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ** کے حصص یافتگان کا 32واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ مورخہ ... اکتوبر 2024 کو صبح 10.30 بجے ICMA پاکستان آڈیٹوریم، مین کیمپس، گلشن اقبال کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا۔

**عمومی امور:**

1۔ شیئر ہولڈرز کے غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 26 ستمبر 2024 کی کارروائی کی توثیق۔

2۔ 30 جون 2024 کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔ مذکورہ آڈٹ شدہ مالی گوشوارے ہمارے ویب سائٹ www.icibl.com پر جاری کردیئے جائیں گے۔

3۔ 30 جون 2025 کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرہ کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز RSM اویس حیدر لیاقت نعمان چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے دوبارہ انتخاب کے اہل ہونے پر سال 25-2024 کے لئے اپنی خدمات پیش کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔

**خصوصی امور:**

4۔ جیسا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے نوٹیفکیشن S.R.O نمبر 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے ذریعے مطلوب ہے، کمپنی کو USB/DVD/CD کے ذریعے ترسیل کرنے کے بجائے QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے کمپنی کے ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل کرنے کے قابل اور اجازت دینے کے لیے مندرجہ ذیل قراردادوں پر غور وخوض کرنا اور اگر مناسب ہو تو، ترمیم یا بلا ترمیم عمومی قراردادوں کے طور پر سادہ اکثریت کے ساتھ منظوری دی جائے گی۔

"یہ فیصلہ کیا گیا کہ کمپنی کو اجازت دی جاتی ہے کہ وہ اپنے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کے اراکین کو QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے بھیجے، جیسا کہ SECP کے نوٹیفکیشن S.R.O نمبر 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے ذریعے مطلوب ہے۔

مزید یہ فیصلہ کیا گیا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو یا کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ انفرادی طور پر تمام ضروری اقدامات، عمل اور امور انجام دیں یا کروائیں، تاکہ تمام قانونی ضوابط اور ضروریات کی تعمیل کی جا سکے اور مذکورہ قرارداد کو نافذ کرنے کیلئے درکار دستاویزات جمع کروائے جا سکیں۔"

**دیگر امور:**

5۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

**ایم نعیم اشرف**

کمپنی سیکریٹری

کراچی

04 اکتوبر 2024

**نوٹ:**

1۔ ممبران کا رجسٹر 18 اکتوبر 2024 سے 25 اکتوبر 2024 تک (دونوں دن شامل) بند رہے گا۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میں 17 اکتوبر 2024 کو اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں بروقت سمجھی جائیں گی۔

2۔ اجلاس عام میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کیلئے اپنا پروکسی مقرر کرسکتا ہے۔

3۔ وہ ممبران جو وڈیو لنک کے ذریعے AGM میں شریک ہونے کے خواہاں ہیں ان کیلئے ضروری ہے کہ وہ naim.ashraf@icibl.com پر ای میل بھیج کر اپنی تفصیلات درج کریں۔ ممبروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ "رجسٹریشن برائے ICIBL's اے جی ایم" کے عنوان سے اپنے دستاویزات کا اندراج کریں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | شیئرز کی تعداد | فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | سی این آئی سی نمبر بمع اسکین کاپی | موبائل نمبر | ای میل آئی ڈی |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | | | | | |

ویڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف انہی ممبروں کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میلز، جس میں تمام مطلوبہ تفصیلات ہوں، AGM کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل دی گئی ای میل پر موصول ہوں گی۔

4۔ **ویڈیو کانفرنس کی سہولت:**

کمپنیز ایکٹ کی دفعات کے مطابق اگر کمپنی کراچی کے علاوہ کسی دوسرے شہر میں مجموعی 10 فیصد رہائش پذیر یا اس سے زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل اراکین سے AGM کی تاریخ سے 14 دن قبل ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کیلئے رضامندی حاصل کرتی ہے تو کمپنی مذکورہ شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی جو کہ اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہے، اس سلسلے میں ایک باضابطہ درخواست کمپنی کے رجسٹرڈ پتے یا naim.ashraf@icibl.com پر بذریعہ ای میل جمع کرائی جائے۔

5۔ **پراکسی:**

پراکسی تقرری کی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا دیگر دستاویز یا پاور آف اٹارنی کی تصدیق شدہ کاپی اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے شیئر رجسٹرار **میسرز کارپلک ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 503 ای، جوہر ٹاؤن، لاہور** میں موصول ہو جانی چاہئیں۔

6۔ **سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز** کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جاری کردہ ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

7۔ **فزیکل شیئرز کی تبدیلی:** کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق، ہر موجودہ کمپنی کیلئے یہ ضروری ہے کہ مذکورہ ایکٹ کے نفاذ سے چار سال کی مدت کے اندر اپنے کاغذی حصص کو بک انٹری فارم میں منتقل کریں۔ اس سلسلے میں ایس ای سی پی نے بذریعہ اپنے مراسلہ نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021، تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت جاری کی ہیں کہ وہ اپنے ان شیئر ہولڈرز کو جو اپنے شیئرز کاغذی حالت میں رکھتے ہیں انکو بک انٹری فارم میں منتقل کرنے کیلئے آمادہ کریں۔ بک انٹری فارم میں شیئرز رکھنے کے بے شمار فوائد ہیں جن میں حصص کی محفوظ تحویل اونرشپ کی فوری منتقلی اور نقصان یا جعلی یا ڈپلیکیٹ سرٹیفکیٹ کا کوئی خطرہ نہیں ہے۔ لہٰذا کاغذی حصص رکھنے والے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لئے کسی بروکر کے پاس اپنا سب اکاؤنٹ یا براہ راست سی ڈی سی میں اپنا انویسٹر اکاؤنٹ کھولیں۔ اس سلسلے میں شیئر ہولڈرز ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

8۔ **ممبران سے درخواست ہے** کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔

نوائے وقت 04-10-2024